حوالہ جات اور کتابیات کی شمولیت خوش آیند ہے۔ یہ کتاب انگریزی خواں طبقہ کے لیے اچھا تحفہ ہے (محمد ایوب منیر)۔

مطبوعات موصولہ

☆ محرف قرآن، سید تصدق حسین بخاری۔ ناشر: ادارہ العلم والتحقیق، جامعہ ابی ہریرہ، خالق آباد، نوشہرہ۔ صفحات: ۲۷۰۔ قیمت: ۱۲۰ روپے [ضمنی عنوان: "سرسید احمد خاں اپنی تحریرات فاسدہ اور عقائد کاسدہ کے آئینے میں"... معراج النبیؐ، جنت دوزخ، ملائکہ، جنات، شیطان، وفات عیسیٰ وغیرہ کے بارے میں سرسید کے عقائد کا جائزہ]۔

☆ جذب مہ کامل، کہکشاں، ڈاکٹر سید محمد علی نجمی مرحوم۔ ناشر: ڈاکٹر ایس اے ناصر، ۸۷۔۳ جی نائن تو، اسلام آباد۔ صفحات: ۱۶۰۔ قیمت: ۱۰۰ روپے [انبالہ کے علاقے کے معروف معالج، مسلم لیگ انبالہ کے صدر، ڈاکٹر نجمی (۱۸۹۶ـ۱۹۷۰) کا مجموعہ کلام، پختہ کلام، روایتی اسلوب]۔

☆ جواہر سعید، مرتبہ: ڈاکٹر قمر احسان۔ ناشر: ہمدرد فاؤنڈیشن، ناظم آباد، کراچی۔ صفحات: ۱۱۲۔ قیمت: ۶۰ روپے [حکیم محمد سعید شہید کی مختلف تحریروں سے اخذ کردہ حکیمانہ اقوال کا عمدہ مرقع]۔

☆ مولانا عبدالمجید ندوی: کچھ یادیں، کچھ باتیں، سلطان احمد اصلاحی۔ ناشر: ادارہ علم و ادب، ۴/۱۱۳۰ سی، حالی نگر، سرسید نگر، علی گڑھ۔ صفحات: ۶۴۔ قیمت: ۱۵ روپے [مدرستہ الاصلاح اور بعد ازاں مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ کے استاد اور فقہ پر گہری نظر رکھنے والے درویش صفت عالم کا تذکرہ]۔

☆ ماہنامہ پیام: "اقبال کا نظریۂ اجتہاد" نمبر، مدیر اعلیٰ: ثاقب اکبر، ناشر: اخوت ٹرسٹ، مکان ۱۵۸۶، گلی ۸۰، آئی ٹن ون، اسلام آباد۔ صفحات: ۸۸۔ قیمت: ۱۵ روپے ["اقبال کا نظریۂ اجتہاد" کے موضوع پر ایک سیمی نار کے ۵ مقالات]

۔

☆ استحکام وطن، پنجہ یہود میں، عبدالرشید ارشد۔ ناشر: النور ٹرسٹ، جوہر پریس، جوہر آباد (ضلع خوشاب)۔ صفحات: ۴۸۔ قیمت: ۱۰ روپے [یہود کے خفیہ منصوبے ہمیں تباہی کی طرف لے جا رہے ہیں۔ ملک کی بقا اور استحکام کے لیے تعلیمی، زرعی، صنعتی، معاشی اور دفاعی شعبوں میں ٹھوس اور حکیمانہ منصوبہ بندی ناگزیر ہے]۔

☆ ہم مثالی کارکن کیسے بنیں؟ احمد علی محمودی۔ ناشر: مکتبہ سیدہ خدیجۃ الکبریٰ، حاصل پور، ضلع بہاول پور۔ صفحات: ۱۹۔ قیمت: ۶ روپے۔ فی سیکڑہ: ۴۰۰ روپے۔

☆ الحرا، مجلہ، پبلک ہائی اسکول ٹنڈو محمد خاں۔ صفحات: ۹۶ [اس رسالے کی سب سے اہم خوبی تین زبانوں، اردو، انگریزی اور سندھی میں تحریروں کی اشاعت ہے۔ موضوعات میں بڑا تنوع ہے۔ اس میں اساتذہ اور بچوں کی ملی جلی تحریریں شامل ہیں۔ بحیثیت مجموعی یہ ایک اچھی کاوش ہے]۔